**06.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

☆ حکومت نے بنگلہ دیش معاملے پر کُل پارٹی میٹنگ کی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر ، اِس معاملے پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں از خود بیان دیں گے۔
☆ برطانیہ کی حکومت نے بنگلہ دیش میں بد امنی کیلئے اقوامِ متحدہ کی زیر قیادت تحقیقات کرانے کی اپیل کی ہے۔
☆ صدرِ جمہوریہ دروپودی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت اور فِجی کو عالمی خطہ جنوب کے مسائل کو حل کرنے کیلئے مل کر کام کرنا چاہئے۔
☆ اور پیرس اولمپک کھیلوں میں آج نیرج چوپڑا اور کشور کمار Jena مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ اور بھارتی ہاکی ٹیم سیمی فائنل میں جرمنی کا سامنا کرے گی۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**All Party Meeting**

حکومت نے آج بنگلہ دیش معاملے پر ایک کُل پارٹی میٹنگ کی۔ نئی دِلی میں منعقدہ اِس میٹنگ کے دوران وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے لیڈروں کو بنگلہ دیش کے موجودہ حالات اور واقعات کے بارے میں آگاہ کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کُل پارٹی میٹنگ کے دوران پارٹیوں کی متفقہ حمایت اور آپسی مفاہمت کو سراہا۔ اِس میٹنگ میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ، پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو، مرکزی وزیر اور بی جے پی کے صدر جے پی نڈا موجود تھے۔ اپوزیشن کے دیگر رہنماؤں میں لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی، TMC کے رہنما سدیپ بندوپادھیائے، NCP شرد پوار کی لیڈر سپریا سولے، RJD کی رہنما میسا بھارتی، ساجوادی پارٹی کے لیڈر پروفیسر رام گوپال یادو اور DMK کے ٹی آر بالو نے میٹنگ میں شرکت کی۔اِس کے علاوہ مرکزی وزیر اور جنتادل یو کے رہنما للن سنگھ، مرکزی وزیر اور جنتادل سیکولر کے رہنما ایچ ڈی کمارا سوامی، مرکزی وزیر اور TDP کے لیڈر رام موہن نائیڈو اور لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کے رہنما ارون بھارتی نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔
وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں بنگلہ دیش کے حالات کے سلسلے میں از خود بیان دیں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر راجیہ سبھا میں دوپہر ڈھائی بجے ، جبکہ راجیہ سبھا میں سہ پہر ساڑھے تین بجے بیان دیں گے۔ **x**

**Bangladesh Situation**

بنگلہ دیش کے صدر محمد شہاب الدین نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کو تحلیل کرنے کے بعد ملک میں ایک عبوری حکومت تشکیل دی

جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں ، سوِل سوسائٹی کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ فریقوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران لیا گیا۔ اس میٹنگ میں فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہان موجود تھے۔ اس میٹنگ میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کی چیئرپرسن خالدہ ضیاء اور دیگر سیاسی قیدیوں کو بھی رہا کرنے کا فیصلہ کیا گیا ۔

اس سے پہلے بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے کل استعفیٰ دے دیا تھا اور وہ فوجی طیارے سے ملک چھوڑ گئی تھیں، جس کے بعد فوج خالی اقتدار کو پُر کرنے کے لیے آگے آئی ہے۔

فوج کے سربراہ وقار الزماں نے کہا کہ سرکاری اور حکومت کے سبھی ذیلی دفاتر ، نجی دفاتر، فیکٹریوں اور سبھی تعلیمی اداروں نیز اسکولوں، کالجوں، مدرسوں اور یونیورسٹیوں میں آج معمول کے مطابق کام ہو رہا ہے۔×

## UK Bangladesh Crisis

برطانیہ کی حکومت نے اقوام متحدہ کی زیر قیادت اُس بدامنی کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے، جس کی وجہ سے بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کو کل استعفیٰ دینا پڑا۔ خارجہ سکریٹری Daivd Lammy نے کہا ہے کہ برطانیہ جنوبی ایشیائی ملک کا پُرامن اور جمہوری مستقبل دیکھنا چاہتا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران غیرمعمولی سطح پر تشدد اور المناک جانی نقصان دیکھا گیا ہے۔ اُنہوں نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ عبوری حکومت کے تحت ملک میں امن کی بحالی کیلئے مل کر کام کریں۔ جناب لیمی نے کہا کہ بنگلہ دیش کے عوام گزشتہ چند ہفتوں کے حالات و واقعات کی اقوام متحدہ کی زیر قیادت مکمل اور آزادانہ تحقیقات کے مستحق ہیں۔×

## UN Secretary General-Bangla

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گُتریس نے کہا ہے کہ وزیراعظم شیخ حسینہ کے استعفیٰ کے بعد بنگلہ دیش کی فوج اور سیاسی عہدیداران کو ایک پُرامن جمہوری عمل کی منتقلی کیلئے مل کر کام کرنا چاہئے۔ جناب گتریس کے نائب ترجمان فرحان حق نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ اس بات کو یقینی بنانا چاہتا ہے کہ سبھی حکام یعنی سیاسی اور فوجی عہدیداران یا کوئی اور بھی، جس کا موجودہ صورتحال سے تعلق ہے، وہ مل کر کام کریں، تاکہ پرامن طور پر جمہوریت بحال ہوسکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جناب گتریس اس وقت بنگلہ دیش کے عوام کے ساتھ مضبوطی کے ساتھ کھڑے ہیں اور اقوام متحدہ ان کے جمہوری اور انسانی حقوق کے مکمل احترام پر زور دیتا ہے۔×

## WB BSF DG

بارڈر سیکورٹی فورس BSF کے ڈائریکٹر جنرل دلجیت سنگھ چودھری نے آج مغربی بنگال کے شمالی چوبیس پرگنہ ضلع میں بھارت-بنگلہ دیش سرحد کا دورہ کیا۔ اِس دورے کا بنیادی مقصد اِن اہم سرحدی علاقوں میں BSF کی تیاریوں کا جائزہ لینا تھا۔ بنگلہ دیش کے حالات کے تناظر میں BSF نے سیکورٹی میں اضافہ کرنے کی غرض سے بھارت-بنگلہ دیش سرحد پر ہائی الرٹ جاری کیا ہے۔×

## RS Cyber Fraud

حکومت نے کہا ہے کہ سائبر جرائم کی روک تھام کیلئے پورے ملک میں ایک کروڑ 92 لاکھ سم کارڈ بلاک کئے گئے ہیں۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران سوالوں کا جواب دیتے ہوئے خزانے کے وزیر مملکت پنکج چودھری نے کہا کہ حکومت سائبر

دھوکہ دہی کے خلاف برداشت نہ کرنے کی پالیسی اپنائے ہوئے ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ سائبر فراڈ رپورٹنگ اور مینجمنٹ سسٹم کے تحت 7 لاکھ 60 ہزار شکایتوں کے ذریعے 2 ہزار 400 کروڑ روپے کی بچت کی گئی ہے۔ جناب چودھری نے بتایا کہ سائبر دھوکہ دہی کے خلاف شکایت کرنے کیلئے ایک ٹول فری نمبر ایک-نو-تین-صفر جاری کیا گیا ہے۔×

## LS LWE

حکومت نے آج کہا ہے کہ ملک نے گزشتہ 10 سال کے دوران بائیں بازو کی انتہا پسندی کے واقعات میں زبردست کمی کا مشاہدہ کیا ہے۔ لوک سبھا میں وقفۂ سوالات کے دوران ایک ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ضلعوں کی تعداد اب کم ہوکر 38 ہوگئی ہے۔ انہوں نے ایوان کو مطلع کیا کہ 2013 میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ضلعوں کی تعداد 126 تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں عام شہریوں اور سیکورٹی اہلکاروں کی ہلاکتوں میں بھی واضح طور پر کمی آئی ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ 2004 سے لے کر 2014 کے دوران ایک ہزار 800 سے زیادہ سیکورٹی اہلکاروں نے اپنی جانیں گنوائیں تھی، جبکہ گزشتہ دس سال کے دوران محض 509 سیکورٹی اہلکاروں کی جانیں گئیں۔×

## JK Assembly Election

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات ستمبر میں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ دفعہ-370 کی منسوخی کے بعد جموں وکشمیر میں پاکستان اور اُس کی خفیہ ایجنسی ISI کی سرگرمیوں پر کافی حد تک قابو پالیا گیا ہے۔ جناب ریڈی، جو جموں وکشمیر میں انتخابات سے متعلق BJP کے انچارج بھی ہیں، جموں کے مضافات میں آر ایس پورہ علاقے میں Bana Singh اسٹیڈیم میں دفعہ-370 کو منسوخ کئے جانے کے پانچ سال مکمل ہونے پر BJP کی جانب سے منعقدہ Ekatma' مہوتسوٗ سے خطاب کررہے تھے۔

اپوزیشن پارٹیوں، خاص طور سے کانگریس اور نیشنل کانفرنس پر سخت تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ دفعہ-370 کو پھر سے نافذ کرنے کی بات کررہی ہیں، جس کی وجہ سے پاکستان کی حمایت یافتہ دہشت گردی کے ذریعہ جموں وکشمیر میں صرف تباہی اور اموات کا سلسلہ رہا۔×

## Amarnath Yatra-Jammu

امرناتھ گپھا کے درشن کرنے کیلئے ایک ہزار 873 یاتریوں کا ایک اور جتھا جموں کے بھگوتی نگر بنیادی پڑاوٗ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری آج صبح سویرے 69 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی پڑاوٗ سے روانہ ہوئے۔ اس جتھے میں ایک ہزار 579 مرد، 202 خواتین، 65 سادھو اور27 سادھوی شامل ہیں۔ یہ یاتری آج صبح سویرے بالتل بنیادی پڑاوٗ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوئے، جہاں سے وہ پوتر گپھا کے آگے کے اپنے سفر پر روانہ ہوں گے۔×

## Prez-Fiji Community Reception

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور فجی کے وزیر اعظم Sitiveni Rabuka نے، فجی میں 100 بستر والے سُپر اسپیشلٹی کارڈیولوجی اسپتال کیلئے پروجیکٹ کے مقام کو مختص کرنے کے سلسلے میں دستاویز کو باقاعدہ سونپے جانے کی ایک تقریب کی صدارت کی۔ یہ دستاویز فجی میں بھارت کے ہائی کمشنر کو سونپے گئے۔ اس سے پہلے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو فجی کے اعلیٰ ترین اعزاز

سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز فجی کے صدر کی جانب سے انہیں عطا کیا گیا۔ **Companion of the order**

صدر جمہوریہ مرمو فجی کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ انہوں نے فجی کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا ، جس میں انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان **75** سال کے سفارتی تعلقات کا ذکر کیا۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے فجی کی راجدھانی **Suva** میں بھارتی برادری اور فرینڈس آف انڈیا کی جانب سے منعقدہ کمیونٹی استقبالیہ کی صدارت کی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، صدر جمہوریہ نے کہا کہ انہیں فجی میں گھر جیسا احساس ہوتا ہے اور انہیں اس بات پر خوشی ہے کہ بھارتی نژاد افراد نے اپنی ثقافت اور اقدار کو محفوظ رکھا ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ انہیں یہ جان کر مسرت ہورہی ہے کہ **Girmit** دِوس فجی میں تعطیل ہوتی ہے اور ہندی ، فجی کی سرکاری زبان ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ بھارتی برادری کا فجی اور بحرالکاہل خطے کی ترقی میں قابلِ قدر تعاون رہا ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت اور فجی کے تاریخی رشتے ہیں اور موجودہ تناظر میں دونوں ملکوں کو مل کر کام کرنا چاہئے۔**x**

## BIMSTEC

بھارت آج نئی دلّی میں کثیر شعبہ جاتی تکنیکی اور اقتصادی اشتراک و تعاون کیلئے خلیج بنگال پہل - **BIMSTEC** کاروباری سربراہ کانفرنس کی میزبانی کرے گا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر ، تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل اور دیگر لیڈروں کے کلیدی خطاب کے ساتھ تین روزہ کاروباری سربراہ کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔x

## UN Israel Attack

اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ فلسطینی پناہ گزینوں کی اُس کی ایجنسی **UNRWA** کے **9** ملازمین حماس کی طرف سے کئے گئے اسرائیل پر دہشت گردانہ حملے میں ملوث ہوسکتے ہیں۔ یہ حملہ پچھلے سال اکتوبر میں کیا گیا تھا، جس کے بعد سے غزہ میں جنگ چھڑی ہوئی ہے۔ اِن افراد کی ملازمت کو ختم کردیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کے ترجمان فرحان حق نے بتایا کہ اِن افراد کی ملازمت ختم کرنے کیلئے خاطر خواہ اطلاعات موجود ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے داخلی خدمات کی جانچ سے متعلق دفتر **OIOS** نے **UNRWA** کے **19** عملے کے ممبران کی تفتیش کی تھی۔ اسرائیل نے **7** اکتوبر کو جنوبی اسرائیلی سرحد پر حماس کے حملے کے جواب میں غزہ پٹی میں حماس کے خلاف جوابی کارروائی شروع کی تھی۔ **7** اکتوبر کو ہوئے اِس حملے میں **1200** سے افراد ہلاک ہوئے تھے اور **250** کو یرغمال بنالیا گیا تھا۔x

## Sudan Flood

سوڈان میں طوفانی بارش اور سیلاب کے واقعات میں کم از کم **32** افراد ہلاک ہوگئے اور **107** دیگر زخمی ہوگئے۔ سوڈان کی وزارتِ صحت نے بتایا کہ طوفانی بارش اور سیلاب سے سات ریاستیں متاثر ہیں اور ساڑھے پانچ ہزار گھروں کو نقصان پہنچا ہے۔ شدید بارش اور سیلاب سے ڈائیریا پھیل گیا ہے۔ وزارتِ صحت ، مانسون کے دوران وبائی بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ضروری اقدامات کررہی ہے۔ **x**

## Bulgaria Snap Polls

بلغاریہ میں حکومت تشکیل دینے کیلئے تیسری اور آخری کوشش کے ناکام ہونے کے بعد وہاں اب **Snap** انتخابات ہوں گے۔

بلغاریہ کے صدر Rumen Radev نے حال ہی میں سب سے چھوٹے پارلیمانی گروپ "There Is Such People" (ITN) سے وزیراعظم امیدوار نامزد کرنے کو کہا تھا اور حکومت تشکیل کرنے کی کوشش کی گئی تھی، لیکن پارٹی کو حمایت حاصل نہیں ہوسکی۔ بلغاریہ کے قانون کے مطابق اِس ناکامی کے بعد صدر Radev ایک کارگزار حکومت تشکیل دیں گے اور نئے سرے سے پارلیمانی انتخابات کرائیں گے۔×

## IMD-Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے شمال مغربی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو سے تین روز کے دوران دور دور تک شدید بارش ہونے کے ساتھ بڑے پیمانے پر بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے کہا ہے کہ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں آج، اور اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اس مہینے کی 10 تاریخ تک شدید سے بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمے نے مزید کہا ہے کہ جھارکھنڈ، بہار، اڈیشہ اور گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال میں بھی آج شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

IMD نے تمل ناڈو، مغربی راجستھان، اترپردیش، پنجاب، جموں وکشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں بھی آج اسی طرح موسم کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔مغربی اور وسطی بھارت کے مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور گجرات میں بھی آئندہ دو روز کے دوران اسی طرح کے موسم کے حالات رہیں گے۔اس دوران موسمیات سے متعلق ایجنسی نے ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلّی میں پورے ہفتے ہلکی سے اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔×

## Paris Olympics

پیرس اولمپک2024 میں آج سیمی فائنل میں بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم کا مقابلہ جرمنی سے ہوگا۔ Yves-du-Manoir اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اِس میچ سے فائنل میں پہنچنے والی ٹیم کا فیصلہ ہوگا۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے دس بجے شروع ہوگا۔ ٹوکیو اولمپک 2020 میں کانسے کا تمغہ جیتنے والا بھارت یہ میچ جیت کر اپنی کامیابی میں اضافہ کرنا چاہے گا۔

وہیں دفاعی چمپئن اور سونے کے تمغے کیلئے بھارت کی سب سے بڑی امید نیرج چوپڑا، مردوں کے بھالا پھینک مقابلوں میں آج سے اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔ چوپڑہ گروپB کے کوالیفکیشن میں بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر تین بجکر 20 منٹ پر کھیلیں گے۔

اس سے ایک گھنٹہ قبل، ایشیائی کھیلوں میں چاندی کا تمغہ جیتنے والے کشور کمار جینا بھی گروپ A کے کوالیفکیشن میچ میں فائنل کیلئے کوالیفائی کرنے کی کوشش کرتے نظر آئیں گے۔ جینا کا میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجکر 50 منٹ پر کھیلا جائے گا۔اِس دوران بھارت کے اویناش سابلے نے اُس وقت تاریخ رقم کی، جب گزشتہ رات اُنہوں نے مردوں کے تین ہزار میٹر Steeplechors کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ اِس طرح سابلے، یہ کارنامہ انجام دینے والے پہلے بھارتی مرد ایتھلیٹ بن گئے ہیں۔ سابلے نے 8 منٹ 15 سیکنڈ میں یہ کارکردگی انجام دی اور پانچویں نمبر پر رہے۔ Steeplechors کا فائنل مقابلہ آٹھ اگست کو ہوگا۔×

☆☆☆